ABC certified
ملک دشمنوں کے خلاف ننگی تلوار۔ قلم کے مزدوروں کا اتحاد
DAILY Qiyyam Lahore
روزنامہ قیام
لاہور پاکستان
چیف ایڈیٹر ایس ایم شاہ
ایڈیٹر تسبیل احمد
قیمت 15 روپے
Email:dailyqiyyam@gmail.com
جلد 9 جمعرات، یکم فروری 2024ء، 20 رجب المرجب 1445ھ شمارہ 27

) وفاقی محتسب آفس بہاولپور کے کمشنر IRD۔ باسط عزیز خان نے واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں OCR پروگرام کے تحت دورہ

وفاقی محکموں کے خلاف دائر کی گئی شکایات کی سماعت کی

ادارہ وفاقی محتسب درخواست دہندہ کو ریلیف مہیا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے اور موقعہ پر متعلقہ آفیسر سے رپورٹ طلب کر کے فوری ریلیف فراہم کر دیا دیا جاتا ہے

چشتیاں (ڈسٹرکٹ بیورو چیف محمد سلیم اختر بھٹی سے) وفاقی محتسب آفس بہاولپور کے کمشنر IRD۔ باسط عزیز خان نے واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں OCR پروگرام کے تحت دورہ کیا اور وفاقی محکموں کے خلاف دائر کی گئی شکایات کی سماعت کی اور موقعہ پر ہی ریلیف فراہم کیا. تفصیلات کے مطابق کمشنر IRD باسط عزیز خان واپڈا کمپلیکس میں نے چشتیاں میں کھلی کچہری لگاء اور لوگوں کی وفاقی محکموں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گ ءشکایات کو متعلقہ محکموں کے افسران کی موجودگی میں سنا اور موقعہ پر ہی ریلیف دینے کے احکامات صادر کیے۔ انہوں نے میپکو، کے خلاف 50 شکایات کو سنا اور میپکو کے صارفین کو مجموعی طور پر- 175000/ایک لاکھ پچھتر ہزار روپے سے زائد کا ریلیف مہیا کیا۔ 25 بجلی کے خراب میٹرز کی فوری تبدیلی کے احکامات صادر کیے . ایک پول کی تبدیلی اور 50kv کے ترانسفارمر کو 100kv میں تبدیلی کے احکامات جاری کیئے . لوگوں نے وفاقی محتسب آف *پاکستان اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا. مزید براں باسط عزیز خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئیکہا کہ ادارہ وفاقی محتسب *درخواست دہندہ کو ریلیف مہیا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے اور موقعہ پر متعلقہ آفیسر سے رپورٹ طلب کر کے فوری ریلیف فراہم کر دیا دیا جاتا ہے . مزید یہ کہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر کسی فیس اور وکیل کے فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور بمطابق پالیسی مناسب ریلیف دیا جاتا ہے اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کی جاتی ہے تا کہ لوگوں کے مسائل حل کروانے کے ساتھ ساتھ بد انتظامی بھی دور کی جائے۔ادارہ وفاقی محتسب کے وژن اور پروگرام کے مطابق فوری، بلا معاوضہ اور سائل کی دہلیز پہ مفت انصاف مہیا کرنے کے وعدہ کی تکمیل کرنے کی بھرپور کوشش کی جارہی اس سلسلے میں مہینے میں ایک بار بہاولنگر، چشتیاں کا دورہ کیا کریں گے تا کہ لوگوں کے مسائل کو حل کروایا جائے ،مزید عوام سے گزارش ھے کہ ادارے کی اس سہولت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں اور شکایات وفاقی محتسب آفس میں درج کروایۓ باسط عزیز خان کمشنر وفاقی محتسب اعلی بہاول پور کا شمار پنجاب کے بہترین اور قابل ترین قانون دانوں میں ہوتا ہے اور باسط عزیز خان انتہائی ایماندار دیانتدار خوش اخلاق ملنسار اور قابل ترین آفیسر ہے عوامی سماجی حلقے باسط عزیز خان کمشنر بہاولپور وفاقی محتسب اعلی کی دل سے قدر اور عزت کرتے ہیں اور ان کی بہترین اور کارکردگی کو سراہتے ہوئے زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہی